بنو ہاشم کی انگشتری کا نگینہ

ابنِ امیرشریعت سید عطاء المحسن بخاریؒ

اللہ تعالیٰ نے ہمارے خاندان کو منّے (ذوالکفل) کی صورت میں ایک بڑی نعمت سے نوازا ہے۔''منّا'' بنو ہاشم کی انگشتری کا وہ نگینہ ہے جس کی چمک کبھی ماند نہیں پڑے گی۔اس کے چُبھتے ہوئے سوالات چونکا دیتے ہیں اور بعض اوقات وہ مجھے امتحان میں ڈال دیتا ہے۔وسعتِ مطالعہ،علمی وادبی ذوق، دینی وضع قطع اور شرم وحیا سے مرصّع ومزیّن پیکرِ صدق وصفا ذوالکفل ہمارے خاندان کے ماتھے کا جھومر ہے۔وہ صالح بھی ہے اور باصلاحیت بھی۔

جماعتی زندگی میں کئی نشیب وفراز آئے۔قحط الرّجال کا احساس ہمیشہ دامن گیر رہا مگر منّے کو علمی ودینی میدان میں آگے بڑھتا ہوا دیکھ کر مطمئن ہوں کہ ہمارے خاندان میں علم وعمل کے چراغ جلتے رہیں گے اور اِن کی روشنی مدّھم نہ ہوگی۔ذوالکفل میری مراد ہے۔

ماہنامہ نقیبِ ختمِ نبوت میں
ذوالکفل بخاریؒ کی تحریر پڑھ کر مجلسِ احباب میں تاثرات کا اظہار
دارِ بنی ہاشم،جنوری،۱۹۹۴ء